نثری اصناف کے فروغ میں رسائل وجرائد کا کردار

افشاں وحید

ریسرچ اسکالر شعبہ بلوچی جامعہ بلوچستان

tcartsbA:

In this research work some new techniques are being published about nonfiction especially on letter writings inshaiya and reportage in Balochi literature in Balochi history there is nonfiction in this research paper there is the main characteristics however, the magazines are very important in publishing nonfiction material this nice piece of work appreciated in research.

منتخب لفظیات:

ڈرامہ، نثر، تجربہ کاری، نئی سوچ، بین الاقوامی، رشتہ، تخلیقی، سیاسی

تعارف:

بلوچی جدید ادب کا باقاعدہ آغاز ماہنامہ ''اومان'' کی طباعت کے ساتھ ہی شروع ہوتا ہے، بیشتر نثری اصناف اسی رسالے کی طباعت کے ساتھ ہی فروغ پاتے ہیں طبع زاد افسانے کے ساتھ تراجم کی روایت بھی ساتھ ہی سامنے آئی۔ ۱۹۵۶ میں آزات جمالدینی کے ادارت میں شائع ہونے

ماہنامے ''بلوچی'' سے بلوچی نثر کو ترقی کے مواقع میسر آئے۔ عروج ملی۔ اس تحقیقی مقالے میں بلوچی نثر کے فروغ میں انہی رسائل وجرائد کے کردار کا جائزہ لیا گاہے۔

بلوچی زبان کو باقاعدہ تحریری صورت ریڈیو پاکستان کراچی ۱۹۴۹ کی بلوچی نشریات سے ملی، ریڈیو پاکستان کی بلوچی نشریات میں فیچر، نیوز اور دوسری نثری اصناف نشر کیئے جاتے تھے۔ اس سلسلے میں بلوچی زبان

کے بابغہ روز گار شخصیت سید ہاشمی کا بنیادی کردار رہا ہے۔ انہوں نے شعوری کوشش کرتے ہوئے بلوچی نثر کے فروغ میں کافی جد وجہد کی ہے۔ اس سلسلے میں وہ رقمطراز ہیں:

''جب میں کراچی آکر ریڈیو پاکستان سے منسلک ہو گیا تو
ریڈیو کے ذریعے زبان کو ترقی دینے کے لیے کوشاں رہا،
چنانچہ بلوچی پروگراموں کو تشکیل دینے میں نثری
ادب کو بڑھانے کی کوشش کی، جس کے نتیجے میں
ہر موضوعات پر مضامین، ڈائیلاگ فیچر وغیرہ کا انتظام
کیا۔''

(ہاشمی:۱۹۸۶، ۲۴۵)

اس بیان سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بلوچی ادب کا نیا دور ریڈیو پاکستان کراچی کے ابتداء سے ہوئی۔ اور سید ہاشمی کے ساتھ دوسرے ادیبوں کی کوشش یہی تھی کہ ادب کے نثری پہلو پر اب کام ہونا چاہیئے۔ اس دوران یعنی ۱۹۴۹ میں محمد حسن تاج نے ریڈیو کے لیئے چند ڈرامے بھی لکھے ہیں جن میں '' ایازءُ دوست ''، ''ہوٹلءِ گوات ''شامل ہیں۔

(محمد حسن تاج:۱۹۸۹، ۷)

ریڈیو پاکستان کراچی کے بعد بلوچی نثری ادب کو خیر محمد ندوی کے ماہنامہ رسالہ ''اومان'' نے جلا بخشی جو 1951 میں پہلی بار چھپی تھی۔ اومان کے دو حصے تھے اردو اور بلوچی۔ یہ پہلا ماہنامہ تھا جہاں کچھ افسانے اور تبصرے شروعاتی دور میں چھپے تھے۔ اس ماہنامے میں زیادہ تر توجہ افسانوں پر مرکوز رہی اور زیادہ سے زیادہ افسانہ نویس لکھاری اس طرف مائل ہوئے اور یہ دیکھ کر '' اومان'' میں پہلی دفعہ ۱۹۵۹ میں افسانوں کا نمبر کا اجراء کیا گیا۔

''اومان'' کے دس سالہ سفر میں بہت سے افسانے شائع
ہوئے۔ ادارے کی طرف سے نثر اور افسانے کی طرف

خصوصی توجہ دی گئی، نئی تکنیک بلوچی زبان میں
متعارف کرائے گئے۔ ہر شمارے میں افسانے شامل کئے
گئے، طبع زاد افسانوں کے ساتھ دیگر بڑی زبانوں کے
اہم افسانوں کے تراجم بھی شائع کئے گئے، جس سے
بلوچی افسانہ نگار نئی تکنیک وطرزِ نگارش سے
آشنا ہوئے"

(طاہر، محمد خان:۲۰۱۵، ۳۴)

شروع ہی سے بلوچی نثری ادب میں افسانوں کی طرف رجحان زیادہ دیکھا جاسکتا ہے دوسری جانب بہت سے دوسری زبانوں کے افسانے بھی بلوچی میں ترجمے کئے؛ گئے۔

"اومان" رسالے کی ایک خاصیت یہ بھی تھی کہ اس میں ایک طرف تو بلوچی کے افسانے لکھے جارہے تھے اور دوسری طرف دوسری زبانوں کے افسانے ترجمہ ہورہے تھے جیسا کہ میکسم گورکی کا افسانہ "پشومانیں زال" کے نام سے عبدالصمد امیری نے ترجمہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ بہت سے مضامین بھی اسی ماہنامے میں شائع ہوئے اور نئے لکھاریوں کو ایک بڑا موقع فراہم ہورہا تھا۔ یہاں یہ بات بھی واضع ہونی چاہیئے کہ تنقید کا پہلا مضمون بھی اومان ہی میں چھپی تھی جو "حقیتِ شاعری" کے نام سے ۱۹۵۱ میں شائع ہوئی تھی۔

"اومان بلوچیءِ ہما اولی تاک زانگ بیت کہ آئیءِ
تاکدیماں بلوچیءِ اوّلی آزمانک "بے وفا" کہ ماسٹر حسن
تاجءَ نبشتہ کتگ مئی ۱۹۵۱ءَ چاپ ءُ شنگ بوتگ ءُ بلوچی
ءِ اولی رجانک میکسم گورکیءِ "پشومانیں زال" کہ آئیءِ
رجانکار عبدالصمد امیری اِنت ماہتاک اومانءِ
مارچ ۱۹۵۲ءِ تاکءَ چاپ ءُ شنگ بوتگ، چہ ایشاں
ابید بلوچیءِ اولی شرگداری نبشتانک کہ حقیقت

شاعری ءِ نام ءَ اپریل 1951ءَ اومان ءَ چاپ بوتگ

آعبدالخالق آفاقی ءَ نبشتہ کرتگ"۔

(حکیم، طاہر:۲۰۱۳، ۱۵۰)

بلوچی نثری ادب کے فروغ میں دوسرا ماہنامہ "بلوچی" تھا جہاں افسانے، تنقید، ترجمے کے علاوہ مضامین بھی شائع ہوتے رہیں ہیں۔ یہ ماہنامہ پہلی بار آزات جمالدینی کی سربراہی میں ۱۹۵۶ کو جون کے مہینے میں شائع ہوئی۔

آزات جمالدینی کا یہ ماہنامہ نہ صرف بلوچی ادبی صحافت کے میدان میں سنگِ میل کا درجہ رکھتا ہے بلکہ بلوچی نثری اصناف کے فروغ میں بنیادی کردار کا حامل رہا ہے جس میں مضامین، افسانے، تراجم، تنقیدی مضامین اور تبصرے شائع ہوتے رہے ہیں۔ جس سے نئے لکھنے والوں کو حوصلہ افزائی ہوئی بلکہ نثری اصناف کو چھپنے کے مواقع میسر آئے۔ (ای ضع۲۰۱۱، ۱۵۱)

ماہنامہ بلوچی میں پہلی بار کچھ غیر افسانوی ادب پر بھی چند ایک مضامین چھپے تھے جن میں کالم نویسی، رپو تاژ، خاکہ نویسی وغیرہ شامل ہیں۔ ۱۹۸۱ کے بلوچی ماہنامے میں اسکی تاریخ کے بارے میں یوں لکھا گیا ہے کہ

"تاریخ ءَ ماں انگریزی ءَ ہسٹری گوشنت۔ اے شہ لاطینی
ویونانی لوز ہسٹورءَ ئنت بزاں زانگ ئنت، دَرک جننگ
وسرپد بوئگ ئنت"

(زانت دوست:۱۹۸۱، ۳)

آزات جمالدینی نہ صرف غیر افسانوی ادب کو اپنی رسالے میں جگہ دی ہے بلکہ انہوں نے وہ بلوچی ماہنامہ کے جنوری کے شمارے میں صورت خان مری کی "کپ ءِ پل" جو ایک روداد ہے وہ بھی شائع کی ہے۔

"ہے نیں ششمی روش ات کہ ایشاں من ءَ ہے سیل ءَ
بند کتغ اَت۔ نہ کے ءَ من دانہ وپرات اِژکت اونہ
گوانک جیک"

(صورت خان:۱۹۸۱،۷۱)

رودار لکھنے کا آغاز بھی اسی ماہنامے سے شروع ہوئی ہے اور تبصروں میں مٹھاخان مری کی اقبال پر تبصرہ بھی بلوچی ماہنامے میں چھپی تھی جس میں اس طرح بیان ہوا ہے کہ اس کتاب کو بلوچی زبان کے نامور ادیب و محقق میر مٹھاخان مری نے مرتب کیا ہے جسے علامہ اقبال سد سالہ جشنِ ولادت کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔(۱۹۷۹، ۶۳)

بلوچی نثری ادب کے فروغ میں ماہنامہ بلوچی کا کردار اہم رہا ہے غیر افسانوی اصناف میں سفر نامہ لکھنے کی روایت بھی یہی سے ہوئی تھی اس سلسلے میں "قلات ءِ سفر" (۱۹۵۷) پہلا بلوچی سفر نامہ ہے جو اسی مجلّے میں طبع ہوئی ہے۔

(دشتیاری،صبا: ۱۹۹۹،۴۲۹)

انکے علاوہ دوسری رسائل وجرائد میں الس، پندرہ روزہ زمانہ، کا کردار بھی اہم ہے۔ جہاں افسانے، ترجمے، تبصرے اور مضامین کثرت سے چھپے تھے۔ اولس جو امان اللہ گچکی کی سربراہی میں کوئٹہ سے چھپی تھی انکے قریبی دوستوں میں حکیم بلوچ، صورت خان، کریم دشتی اور دوسرے ساتھیوں نے مل کر اولس پر کام کیا اور انکا یہی ماننا تھا کہ وقت کے ساتھ ساتھ نئے نثری تجربوں کا جاننا بھی علم میں اضافہ اور نثر کو آگے لے جانے کا بہترین طریقہ ہے۔

"وھدے ۱۹۶۱ءَ چہ حکومت ءِ پاکستان ءِ باڈر پبلسٹی
ڈیپارٹمنٹ ءِ نیمگاماں بلوچی ءَ "الس" ءِ نام ءَ یک ماہتاکے
چاپ ءُ شنگ کنگ بیت گڈا چہ اے ماہتاک ءِ وسیلہ ءَ ایشی
ءِ شونکار امان اللہ گچکی، حکیم بلوچ، صورت خان
مری، کریم دشتی بلوچی ردانک ءِ دیما برگ ءَ خاصیں
گامیگج زورائت چونکہ اشانی گیشیں تعلق ءُ سیادی گوں
ردانکی لبز انک ءَ بیت۔ ہمیشکا ایشانی دلگوش ردانکی
تہرانی دیمروی ءِ نیمگا گیشتر بیت۔ ہے رنگ ءَ الس
ءِ تاکدیماں آزمانک، رجانک، نبشتانک،

پٹ ءُپول، شر گداری، چمشانک ءُایدگہ ردانکی
تہرچاپ ءُشنگ بنت کہ پداہمے نبشتانکانی دوگچین،
وگشیں رددانک ءُ گیشن آزمانک چاپ ءُشنگ کنگ
بنت"۔

(حکیم، طاہر، ۲۰۱۳، ۱۵۱، تا ۱۵۲)

بلوچی افسانے کی ترویج میں ماہنامہ اومان، بلوچی یا پھر اولس نے اہم کردار ادا کیا ہے، انکے علاوہ نثر کی ایک اور قسم یعنی سفر نامے کی روایت بھی بلوچی نثری ادب میں بلوچی سے ہی جنم لیتی ہے اور اس میں اب بہت زیادہ اضافہ ہو چکا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو نئی نثری ادب کی جتنے بھی تجربات ہوئے ہیں سب اسی طرح کے رسائل وجرائد یا ماہناموں سے ہوئے ہیں۔ اس بات سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ جدید ادب کی شروعات بھی انہی ماہناموں اور رسائل سے ہوئی تھی۔ ان میں کچھ سہ ماہی رسالے بھی شامل تھے جن کا کام جدید ادب خاص نثر کو فروغ دلانا تھا۔

"چہ ماہتاک بلوچی ءَ پدہمے دورءَ دگہ بازیں تاک
ءُ ماہتاکے چشکہ بہار گاہ، تفتان، بامسار، روچ، بندیگ ھم
چاپ ءُشنگ بنت کہ ایشانی تہا مستریں ارزشت ردانک ءَ
دیگ بیت ءُ اے تاکانی تہ ءَ بلوچی زبان ءُ لبزانک ءِ اہمیں
اڑءُ جنجال ءُ ایدگہ ردانکی تہرانی بابت ءَ بازیں نبشتانکے
چاپ ءُشنگ بیت"

(۲۰۱۳، ۱۵۲)

بلوچی ادب کے فروغ اور اس میں ایک نئے رجحان پیدا کرنے میں "لبزانک حب" جو مارچ ۱۹۹۰ میں پہلی بار شائع ہوئی تھی کا کردار اہم ہے۔ اس کے علاوہ جب تربت سے آساپ (اکتوبر ۱۹۹۲) میں چھپ کر سامنے آئی تو اس میں افسانے، تبصرے، تنقید، انٹریو وغیرہ بھی شامل تھے۔ انکے علاوہ دوسری اقوام کی نثری اصناف کا ترجمہ اور طنز

ومزاح بھی شامل تھے۔ ماہتاک بلوچی واحد رسالہ تھا جس میں کتابوں پر تبصرے، فلم آرٹ اور دوسری ادبی شہ پاروں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے تھے۔ اسکے بعد سہ ماہی چمگ (ناصر آباد ۲۰۰۰)، ذرد (گوادر ۲۰۰۱) جب منظر عام پر آئے تو ان جرائد کے ذریعے بلوچی ادب کو بین الاقومی ادب سے ہمکنار کرایا۔ اس لحاظ سے سہ ماہی ذرد نے پہلی بار ادبی گوشے جس میں ٹی ایس ایلیٹ، البیر کامیو کے ساتھ کریم دشتی، غنی پرواز جیسے اہم شخصیات کے گوشے شامل کئے۔ سب بار ایلیٹ کے افسانے، کامیو کے ڈرامے، ناول اور انٹرویو بھی چھاپے گئے۔

موجودہ دور میں سہ ماہی "گدار" بھی "ذرد" ہی کی طرح بلوچی جدید ادب کے فروغ کے لیئے کام کر رہا ہے۔ اس میں تنقید، تبصرے، ترجمے، اور تخلیقی ادب بڑی عمدگی سے سامنے آرہے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو بلوچی ادب میں افسانوی ادب پر بہت کام ہو چکا ہے لیکن غیر افسانوی ادب پر خاطر خواہ کام نہیں ہو پایا ہے۔ غیر افسانوی ادب پر ماہناموں یا سہ ماہی رسائل میں کوئی کام نہیں ہو پایا۔ اکثر صرف افسانوں، تبصرہ، ترجموں پر زور دے رہے ہیں۔ جسطرح اردو ادب میں وزیر آغا اپنے رسالے "اوراق" کی مدد سے انشائیہ پر کام کر رہے ہیں۔ بلوچی ادب کا بیشتر رجحان شاعری پر مذکور رہے یہاں شاعری پر بہت کام ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے۔ کسی بھی زبان کی بقا اسکی نثر سے وابسطہ ہے لیکن بلوچی ادب میں نثری اصناف کی ترویج میں خاطر خواہ اقدام نہیں اٹھائے گئے ہیں۔

"گوستگیں دورءُ مرچیگیں دوراں زمینءُ آزمانءِ پرک
اِنت، گوستگیں دوراں سائنسءُ ٹیکنالوجیءِ پدمنتگی
ءِ سئوبءَ بدلی سدلی گوں سکیں سُستیں
رپتارےءَ بوتگءُ بازیں کسانیں کساسےءَ بوتگ۔ بلے
مرچیگیں دورءَ سائنسءُ ٹیکنالوجیءِ بے کچ وکساس
دیمرویءِ سوبءَ بدلی سدلی گوں سکیں تیزیں رپتارے
ءَ بوگاانت۔ ءُ دنیاءِ توکءَ مزنیں مزنیں بدلی سدلی
آھگاانت۔ یکے نیمگے سائنسءُ ٹیکنالوجیءِ بے کچ
وکساسیں دیمرویءِ برکتءَ آلم دیم پہ بے کساسیں

آرام وآسرات ءُ گل ءُ وشّی، یاگوں پدّریں لبزاں دیم پہ
یک دنیائی بہشتے ءَ روگا انت۔ ءُ دومی نیمگ ءَ
سامراجیت، صوفیت، بنیادی پرستی، دھشت
گردی، فرقہ پرستی، نیو ورلڈ آرڈر، گلابلائزیشن، ملٹی
نیشنل کمپنی، آئی ایم ایف، ورلڈ بینک ءُ دگہ ھمے ڈولیں
چیز بلاھیں ھتر جوڑ بوتگ اَنت، ءُ اے ھتر دراھیں بنی
آدم ءَ ءَ چپ وچاگرد کنگا انت، روچ پہ روچ
گیشتر ءُ مستر بوان انت ءُ چریشانی سئوب ءَ آلم دیم پہ بے
کساسیں تباہی وبربادی ءُ نیستی ونابودی، یاگوں پدّریں
لبزاں دیم پہ یک دنیائی دوزہے ءَ روگا انت۔ بنی آدم ءِ
زند ءَ ھندی قومی، ملکی ءُ میاں اُستمانی سنداں آبادی
ءُ بربادی، یا بہشت ءُ دوزہ، چو کہ مرچی نزیک
اَنت، ھچبر نہ بوتگ اَنت۔ بلے چرے نوکیں
جاور ءُ جیڑہاں مئے گیشتر کلمکار ناسرپد ءُ نادلگوش
اَنت، چریشاں ھچ وڑیں اثر زورگ ءَ نہ اَنت"۔

(پرواز، غنی: ۲۰۱۳، ۵۹ تا ۶۰)

غنی پرواز صاحب کی باتوں کا خلاصہ کچھ اسطرح کیا جاسکتا ہے کہ جو قوم اپنی معاشرتی ومعاشی حالات سے نہ آشنا ہے تو اسکا اثر اسکے لکھنے پر بھی ہو گا اور یہ ادب کو کمزور کر دے گا۔ اگر دیکھا جائے تو ۱۹۵۱ سے لیکر ۲۰۰۰ تک بلوچی ادب میں بہت عمدہ افسانے، ناول لکھے گئے ہیں۔ جدید اصناف کا نہ ہونا لکھاری پر ہے کہ وہ اپنا اظہار کس صنف میں بہتر انداز میں کر سکتا ہے۔

ماہناموں اور سائل اس لئے بھی ضروری ہیں کہ ان میں نئ رحجان سامنے آتے ہیں نئے لکھنے والوں کو مواقع ملتے۔ نئے تجربات و محسوسات نئے اصناف میں اظہاری صورت پذیر ہوتے ہیں۔ اگر غیر افسانوی ادب میں بلوچی زبان ترقی نہیں کر پائی ہے تو اسکا ہرگز مطلب یہ نہیں کہ وہ انکے بارے یں بے خبر ہیں بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ وہ اس صنف میں اپنا اظہار نہیں کر پائے ہونگیں کیونکہ اظہار کا تعلق لکھاری کے احساسات پر ہے کہ وہ کس صنف میں اپنا اظہار آسانی سے کر پاتا ہے۔

محاصل:

بلوچی ادب کی ترقی میں جس طرح سوشل میڈیا کا کردار رہاہے اس سے بڑھ کر ماہناموں اور رسائل کا بھی اتناہی دخل رہاہے جس طرح قدیم شاعری سینہ در سینہ ہم تک پہنچی ہے اسی طرح قدیم نثر بھی ہمارے بزرگوں کی وجہ سے ہم تک پہنچی ہیں۔ لیکن جدید ادب کی اگر بات کی جائے تو اس میں سب سے بڑا کردار
ماہنامہ ''اومان'' کا رہاہے اسکے بعد بلوچی، اولس، بامسار، روچ، تفتان، وغیرہ نے جدید ادب کو اور اسکے اصناف کو ترقی دینے میں اپنا کردار ادا کیاہے۔ اس مضمون میں جدید ادب کی ترقی میں ماہناموں اور رسائل کے کردار سے آگاہی کی کوشش کی گئی ہے۔ تا کہ آنے والی پیڑھی بھی اس کی ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اسے آگے بڑھائیں۔

ریفرنس:

ا۔ھاشمی،سید،۱۹۸۶،بلوچی زبان وادب کی تاریخ(ایک جائزہ)سید ہاشمی اکیڈمی کراچی

۲۔ محمد حسن تاج،۱۹۸۹،(گلگدار گروک صبادشیتاری،ح محمد طاہر)تاکبند،بامسار

۳۔ طاہر، محمد خان،۲۰۱۵، آزمانک، بلوچی آزمانکءِراجدپترءُبلوچی آزمانک،ردءُبند۔رؤفراز، بلوچستان اکیڈمی تربت

۴۔ حکیم طاہر،۲۰۱۳، بلوچی ردانکءِنوکیں سفر، بلوچی لبزانکی دیوان کوئٹہ

۵۔ ایضاً

۶۔ زانت دوست،۱۹۸۱،کالم،

۷۔ صورت خان، ماھتاک بلوچی، جنوری،۱۹۸۱، کپّءِ پُل (چم دیست)

۸۔ ماہتاک بلوچی، جولائی اگست،۱۹۷۹

۹۔ دشتیاری، صبا، بلوچی زبانءُ لبزانک اولی جلد،۱۹۹۹

۱۰۔ حکیم طاہر،۲۰۱۳، بلوچی ردانکءِنوکیں سفر، بلوچی لبزانکی دیوان کوئٹہ

۱۱۔ ای ض اَ

۱۲۔ پرواز غنی،۲۰۱۳، نوکیں راہ، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ